نجم الاسلام:

بیاضِ مقیم

سندھ یونیورسٹی نے ۱۹۷۳ء میں عربی کے شہرۂ آفاق فاضل مولانا عبدالعزیز میمنی (متوفی ۱۹۷۸ء کراچی) سے ان کا ذخیرۂ کتب خریدا تھا۔ اس وقت سندھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر فاضل گرامی ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ تھے جو مولانا میمنی کے تلمیذ رشید ہیں۔ وہ ان کتابوں کی قدر و قیمت سے بخوبی واقف تھے۔ اس ذخیرے کی بہت سی مطبوعات پر مولانا میمنی کے حواشی ہیں جن کو یکجا کیا جائے تو ایک وقیع علمی مواد سامنے آسکتا ہے۔ یہ ذخیرہ نو دس الماریوں کے بقدر ہے اور اپنی جداگانہ حیثیت میں یونیورسٹی کے مرکزی کتاب خانے میں محفوظ ہے۔ ممتاز حسن مرحوم (م ۱۹۷۴ء) نے اس ذخیرے کے لیے تین لاکھ کی پیش کش کی تھی۔ ۱۹۷۳ء کے آواخر میں ڈاکٹر بلوچ کی ترغیب پر مولانا میمنی نے ڈیڑھ لاکھ میں اسے سندھ یونیورسٹی کے حوالے کردیا کہ اس کے استعمال ہونے کا یونیورسٹی میں امکان زیادہ تھا۔

اس ذخیرے میں مفید مطبوعات کی ایک کثیر تعداد کے علاوہ ۱۴ مخطوطات بھی موجود ہیں، جن کی طرف، شرقی سیکشن کے انچارج محبی محمد شفیع بروھی صاحب نے مجھے توجہ دلائی اور مطالعے کی سہولتیں مہیا فرمائیں۔ اِن مخطوطات میں سے کئی خود مولانا میمنی کے اپنے قلم سے کتابت کیے ہوئے ہیں۔[۱]

۱۔ ان ۱۴ مخطوطات کی اجمالی فہرست مضمون کے آخر میں بطور ضمیمہ پیش کی جاتی ہے۔

ان میں ایک قدیم اور ضخیم فارسی بیاض (نمبر داخلہ ۱۱۳۵۲۸) بھی ہے، جس کے مختصات یہ ھیں :

(i) اس میں بکثرت ایسے ایرانی الاصل شعراء کا کلام ہے جو تلاش معاش میں برصغیر پہنچے ۔ اور جو کچھہ نامساعدِ حالات ایسے لوگوں کو، جن میں صاحبانِ سیف بھی شامل ھیں پیش آیا کرتے تھے، ان کا حال بھی ہے۔

(ii) ضمناً اس میں کچھہ ایسا مواد بھی ہے جو دکن اور پنجاب کی معاشرتی تاریخ سے تعلق رکھتا ہے۔

(iii) بعض نادر فارسی رسائل منقول ھیں اور نادر کلام بھی۔

(iv) قدماء کا کچھہ نادر اردو کلام بھی ہے جو ریختہ، ولایتی اردو، اور غزلوں پر مشتمل ہے۔

(v) بیاض کا جامع اول میرزا محمد مقیم اسی زمانے اور مقام سے تعلق رکھتا ہے جو چندربدن و مہیار کے سلسلے میں آنے والی بحثوں میں کثی ھم نام "مقیموں" کا زمانہ اور مقام ہے۔

(vi) بکثرت مادہ ھائے تاریخی اس میں درج ھیں اور بعض قطعاتِ تاریخ بھی۔ اس بنا پر، اِس ضخیم بیاض کے تفصیلی تعارف کا جواز بنتا ہے۔ چنانچہ ذیل میں اس کے مشمولات کا ایک جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

(۲)

اس بیاض کی تسوید کئی ھاتھوں سے ھوئی ہے :

۱- قدیم ترین مورخ تحریریں ایک ایرانی الاصل میرزا محمد مقیم کے قلم کی ھیں جو اس بیاض کا جامع اول ہے۔ یہ متن میں ھیں اور ۱۰۳۵ھ کے لگ بھگ کی ھیں۔

۲ - اسی زمانے میں (اور شاید بعد کے زمانے میں بھی) یہ بیاض میرزا محمد مقیم کی اجازت سے کسی متوسل کاتب کے تصرف میں رہی ہے، جو اس کا جامع دوم ہے۔

۳ - پھر اس پر اضافے، جو بیشتر حاشیے میں ہیں ایک اور ایرانی الاصل خواجہ محمد ماجد کے قلم سے ہیں اور کچھ اضافے اوراق کے متن میں اس کے بیٹے خواجہ محمد نعیم کے قلم سے ہیں۔ یہ ۱۱۳۰ھ کے قریب کے ہیں۔

۴ - آخر میں یہ بیاض پنجاب کے ایک صاحب دیوان فارسی شاعر دلشاد پسروری کے زیر تصرف رہی ہے، جس کا دیوان ۱۹۷۰ء میں لاہور سے طبع ہوچکا ہے۔ اس نے اپنے قلم سے اپنا کچھ کلام اور ایک مثنوی "دیر تماشا" درج کی ہے جسے منظوم سیر پنجاب کہنا چاہیے۔

بیاض میں کوئی اندراج ایسا نہیں ہے جس میں اسے کسی ایک فرد کے نام سے موسوم کیا گیا ہو۔ یہاں، بر بنائے قدامت اسے میرزا محمد مقیم کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے جو اس کا جامع اول ہے۔

(۳)

یہ نادر بیاض مولانا عبدالعزیز میمنی نے لاہور میں ۱۹۲۳ء میں خریدی تھی۔ ایک دو برس ان کے پاس رہی۔ پھر ان کے ایک شاگرد نے سرقہ کرلی اور ان کے ہاتھ سے جاتی رہی، تاآنکہ ایک دوست کی مدد سے ۱۵، اکتوبر ۱۹۵۸ء کو پھر مل گئی۔ اس سرقے اور بازیافت کا حال مولانا میمنی نے بیاض کے شروع کے خالی ورق (Fly-leaf) پر، اپنے قلم سے، لاہور میں نادر کتابوں کے تاجر مولوی شمس الدین(متوفی)کی دکان میں بیٹھ کر تحریر کیا ہے۔ مولوی شمس الدین مرحوم کی دکان انٰ کے حینِ حیات علماء و

فضلاء کا مرجع رہی ہے۔ مولانا میمنی کے اس دستخطی نوٹ کو ذیل میں من و عن درج کیا جاتا ہے:

"این بیاض یا مجموعۂ نایاب قرن دوازدهم کہ تقریباً درسال ۱۹۲۳ مسیحی در بلدۂ لاہور خریدہ بودم ویک دو سال نزد من بماند بازیکے از شاگردان سرقہ نمودہ بود تا آنکہ دوست مخلصم (شیخ محمد دین ایم اے ریٹائرڈ انسپکٹر ریلوے ایکوٴنٹس ڈپارٹمنٹ) ازاں دزد بے توفیق بلطائف الحیل و زجر و تہدید باز استحصال نمودہ تا آنکہ امروز در ۱۵ اکتوبر سنہ ۵۸ م باز بہ عاجز اہداٴ نمودہ و گردن بندہ ببار منت بیکراں خم کردہ جزاهُ الله خیرالجزاٴ رقم نمودہٴ عاجز عبدالعزیز المیمنی بہادرآباد کراچی-۵ در بلدۂ لاہور بدکان مولوی شمس الدین تاجر زیر مسجد منارہ چوک انارکلی مسلم مسجد ۱۵ اکتوبر سنہ ۵۸ م۔"

بعد کے دو اضافی اوراق پر مولانا میمنی ھی کی تیار کردہ اور انھی کے قلم سے بیاض کے مشمولات کی ایک فہرست "۶۵ رسالہ" کے عنوان سے درج ہے۔ اس میں حوالے اوراق کے بجائے صفحات کے نمبروں کے دیے گئے ھیں۔ تبرکاً اسے بھی ذیل میں من و عن درج کیا جاتا ہے۔ تاھم یہ تمام مشمولات کا احاطہ نہیں کرتی۔

فہرست مشمولات:

"۶۵ رسالہ"

ص ۲- من کلام آقا حسین خوانساری
۸- میرزا عبدالرحیم الفت
۹- الهامیه مولانا طغرا
۲۳- تعداد النوادر (من کلام ملا طغرای مشهدی)
۱۷- سلمان ساوجی
۲۶- نامۂ شاهجهان بنام شاه صفی
۳۲- شاه عباس بدولت خان حاکم قندهار
۳۵- امیر خسرو صنعت حروف منفصله
۴۰- میرزا نصیر
۴۲- رموز العشق شاهی علی نقی وحشت آبادی
۴۳- میرزا لطیف خان رعنا
۵۳- اوحدی در مذمت زنان، محمد طاهر نصرآبادی
۵۴- در شفقت بزیر دستان
۵۷- هشت بهشت
۶۵- من نزهة الارواح - ساقی نامه ظهوری
۷۰- رقعهٔ میر علی شهر
۷۷- ساقی
۷۹- میرعلی تقی از کاشان بفرزند خود
۱۱۴- شعر فخر رازی
۱۲۰- رباعیات ابوسعید ابوالخیر
۱۵۴- عبرت نامه زبردست خان
۱۶۷- از اکبر به عبدالله خان
۱۷۵- مکالمه جواب از قرآن
م ۱۹۹- اختلاج نامه

۲۱۳- شعر جامع بیاض

۲۱۵- معائب

۲۲۷- از عجائب المخلوقات

۲۳۵- در احکام النجوم

۲۴۷- وزراء سلاطین

۲۵۹- فی وصف کشمیر

م ۲۷۳- مثنوی ذکر خر

م ۳۱۰- من کلام علی

۳۲۶- قحطیہ محمد قلی سلیم

۳۳۳- حیوان

۳۴۵- تحفتہ الوزراء

۳۹۲- اهلی شیرازی ، اشعار گنجفہ

۳۹۹- غزلیات طرزی افشار

۴۰۶- تاریخ فوت عالمگیر و شاه عالم

۴۰۸- فتوای عشق

۴۱۶- غزلیاتِ ملا حسن علی ، هزلیات حکیما - ۵۰۱

۴۱۹- عبید زاکانی

۴۲۳- وقائع نعمت خان عالی

۴۵۸- عبداللطیف خان موسوی

۴۷۱- ملا ظهیر تفرشی ۴۹۳

۴۷۴- محاکمہ منیر درمیان قدسی و شیدا

م ۴۷۸- رسالہ کتخدائی حسن و عشق نعمت‌خان عالی

۴۸۵- رسالہ کمان داری

۵۰۴- دانشمند خان عالی
۵۱۵- دیباچہ معراج خیال
۵۱۷- وصف شہر ها ، ۵۳۷
۵۲۹- جہان آشوب یکتا
۵۴۷- فرسنامہ تا ۵۸۷
۵۵۵- حکماء یونان
۵۹۲- از لاهور بکابل در مهملہ
۵۹۲- رد العجز علی الصدر در لف و نشر
۶۰۵- در یتیم نشاط
۶۳۲- مفرح القلوب نعمت خان
۶۴۱- جواهر نامہ
۶۶۶- انیس العشاق سراپا
۷۲۸- صحت و مرض ، فضولی
۷۴۶- دیباچہ منشات بیدل
۷۶۷- لطائف الظرافت فخرالدین علی بن حسین واعظ
۷۸۴- مثنوی دیر تماشا
۷۹۰- در تجنیس ابوالفتح بستی
۷۹۲- مثنوی بہاء الدین عاملی
۸۲۲- نظم هندی
۸۳۳- مثنوی محمد قلی سلیم

مولانا میمنی کے ان اندراجات کے بعد اب بیاض کے اوراق سے متعلق بعض ضروری کوائف پیش کیے جاتے ہیں۔ بحالت موجودہ، یہ مجلد بیاض چار سو اٹھائیس اوراق پر مشتمل ہے۔ قدیم العہد اوراق

نمبروں کے علاوہ (جن میں کہیں کہیں تسلسل نہیں)، رنگین پینسل سے صفحہ شماری غالباً مولانا میمنی کی ملکیت کے زمانے میں کی گئی ہے، صفحہ ۱ تا صفحہ ۸۵۶۔ مولانا میمنی کی مذکورہ بالا فہرست کی طرح، اس مضمون میں بھی اِنہی صفحات نمبروں کے حوالے دیے جائیں گے، کیونکہ ان میں تسلسل ہے جبکہ کاتبِ بیاض کے درج کردہ ورق نمبروں میں کہیں کہیں تسلسل نہیں ہے، جس سے ظاہر ہے کہ اصل بیاض کے متعدد اوراق کم ہیں۔ قارئین کی سہولت کے لیے قدیم ورق نمبروں کی سطابقتیں جدید صفحہ نمبروں کے ساتھ میں درج کی جاتی ہیں:

ورق نمبر (قدیم)	صفحہ نمبر (جدید)	کیفیت
۱ تا ۱۹۰	۱ تا ۳۸۰	کاغذ خاکستری ہے۔ اوراق تسلسل کے ساتھ موجود ہیں۔
۱۹۸	۳۸۱، ۳۸۲	سات اوراق ۱۹۱ تا ۱۹۷ ندارد۔
۲۱۵ تا ۲۲۴	۳۸۳ تا ۴۰۲	سولہ اوراق ۱۹۹ تا ۲۱۴ ندارد۔
۲۲۹، ۲۳۰	۴۰۳ تا ۴۰۶	چار اوراق ۲۲۵ تا ۲۲۸ ندارد۔
۲۳۳ تا ۲۶۴	۴۰۷ تا ۴۷۰	دو اوراق ۲۳۱ تا ۲۳۲ ندارد۔
۲۷۲ تا ۳۰۹	۴۷۱ تا ۵۴۴	سات اوراق ۲۶۵ تا ۲۷۱ ندارد۔
۳۱۱، ۳۱۲	۵۴۵ تا ۵۴۸	ایک ورق ۳۱۰ ندارد۔
۳۱۴ تا ۳۴۶	۵۴۹ تا ۶۱۴	ایک ورق ۳۱۳ ندارد۔
۳۴۷ تا ۳۵۴	۶۱۵ تا ۶۳۰	—
۳۶۶ تا ۴۲۵	۶۳۱ تا ۷۵۰	یہاں سے دوسرے قسم کا قدرے سفید کاغذ ہے جس کے اوراق پر گلابی ابری کے چوڑے حاشیے

		ہیں۔ ورق ۳۶۶ پر یہ نوٹ درج ہے "دراصل ۳۵۵" یعنی ورق ۳۵۴ اور ورق ۳۶۶ کے مابین اوراق گم نہیں ہیں۔ بلکہ نمبر شمار ۳۵۵ کی جگہ ۳۶۶ درج ہوگیا ہے۔
۴۹۶	۷۵۱، ۷۵۲	یہاں سے کاغذ پھر خاکستری ہے۔ اوراق ۴۲۶ تا ۴۹۵ ندارد ہیں۔ باقی ماندہ اوراق پر کوئی قدیم ورق نمبر درج نہیں۔
(غیر مندرج)	۷۵۳ تا ۸۵۶	

اس لیے تعارفی تفصیلات کے لیے ورق نمبر کا حوالہ درج کرنے کے بجائے جدید صفحہ نمبروں کا حوالہ درج کرنا ہی مناسب معلوم ہوتا ہے۔

بیاض سے متعلق چند مزید توضیحات یہ ہیں: (۱) ص ۱۰۵ سے بیاض کا متن زیادہ روشن اور جلی ہے۔ (۲) ص ۳۳۳ سے ۴۵۴ تک کاغذ خاکستری ہے اور حاشیہ متن سے مربوط چلتا ہے۔

(۴)

بیاض کا جامع اول:

اس قدیم اور ضخیم بیاض کی شروعات گیارھویں صدی ھجری میں میرزا محمد مقیم کے ہاتھوں ہوئی، جس کے والد متخلص بہ جمی سے، قطب شاہی (بعد ازاں بیجاپوری، جہانگیری، شاھجہانی) امیر، میر محمد امین میر جملہ شہرستانی (متوفی ۱۰۴۷ھ) عقیدت مندی کا تعلق رکھتا تھا، گوکہ بعد کو اضافے اور ہاتھوں سے بھی ہوئے۔

وہ اپنا نام بیاض میں اس طرح ظاہر کرتا ہے:

۱- "العبدالجانی محمد مقیم مہرانی (کذا)" (ص ۲۷۱)-

۲- "نمقہ الفقیر الجانی ابن جمی محمد مقیم مہرانی" (ص۲۷۸)-

آخر کے نسبتی نام کا حرفِ اول غیر واضح ہے، کئی طور پر پڑھنے میں آتا ہے- لیکن یہ جو بھی ہو، اِسے ہمدان کے توابع میں سے ہونا چاہیے؛ کیونکہ ایک، دوسرے معلوم شاعر کے تخلص کے ساتھ بھی یہی نسبتی نام بیاض میں اسی طور پر کتابت میں آیا ہے، مثلاً "میر النہی مہرانی" (ص ۳۲۰) جسے تذکروں میں ہمدانی لکھا گیا ہے، کیوں کہ وہ سادات اسدآباد سے ہے جو ہمدان کے توابع میں سے ہے-۱ اسی صفحے ۳۱۹ پر "مولانا جمی مہرانی" "ملاّ امانی مہرانی"، "مولانا محمد زمان مہرانی" بھی کتابت میں آتا ہے-

وہ اپنے والد کا نام و کلام ص ۳۲۱ پر اس طرح لاتا ہے:

"ھذا قول والدی مولانا جمی مہرانی اعلی اللہ مقامہ فی الجنہ"-

چناں ز بیم فراق تو ریگ ناحیہ ایم   کہ خون ما نکند سرخ تیغ قاتل ما

غم والم چو سفر کردگان ہم‌صحبت   نشان دہند بہم طرح و وضع منزل ما

۱- بیاض میں میر النہی کا یہ شعر درج ہے-

زمانہ بس کہ مرا خاکسار مردم کرد   باآب دیدۂ من میتوان تیمم کرد

یہی شعر میر النہی کے تحت سرو آزاد (ص ۸۵) میں بھی آتا ہے اور صراحت موجود ہے کہ یہ شاعر سادات اسدآباد سے ہے جو ہمدان کے توابع میں سے ہے- ہندوستان پہنچ کر ملا زمانِ شاہجہانی میں شامل ہوا- ۱۰۶۳ھ میں وفات پائی- بعض دوسرے تذکروں میں بھی اس کا حال درج ہے- شام غریباں، مقالات‌الشعراء، آتش‌کدۂ آذر نتائج‌الافکار، کلمات‌الشعراء، ہمیشہ بہار-

منہ رحمہ اللہ

بر ہر عضوم تازہ زخمست ز غم   وا نگاہ نہ رحمی کہ پذیرد مرہم
اینک چشم بامژہ چون پارا   زخمست کہ بخیہاش بگسستہ ز ہم"

(ص ۳۲۱)

میر محمد امین میر جملہ شہرستانی (م ۱۰۴۷ھ) سے اپنے تعلق کو اس طرح عنوان اور کلام دے کر ظاہر کرتا ہے:

"نواب مستطاب میر جملہ مدظلہ العالی"

خمیر اولیا راچون سرشتند   خطِ آزادیٔ ایشان نوشتند
چوبکشودند آن خط بس متین بود   خطِ خاصِ امیر المومنین بود

"ایضاً لہ دام اقبالہ فی تعریف العشق"

ہر چہ گویم عشق ازان برتر بود   عشق امیر المومنین حیدر بود

"منہ فی الغزل"

افتادگیٔ بطا لعم ہست   در پای جمی چرا نیفتم

"لہ"

سرشکم از دل سختش نشست حرف جفا   ز آب شستہ بگردد خطے کہ برسنگست

اِس میر جملہ کا تیسرا شعر "ہر چہ گویم عشق ازان برتر بود ..." شامِ غریبان مولفہ لچھمی نرائن شفیق میں میر محمد امین میر جملہ شہرستانی متخلص بہ روح الامین کے تحت آتا ہے، جس سے متعین ہوجاتا ہے کہ مقیم کی مراد کس میر جملہ سے ہے۔ میر محمد امین میر جملہ کے حالات تذکرۂ مذکورہ کے علاوہ بہ تفصیل ماثر الامراء میں بھی درج ہیں۔ ماحصل یہ ہے کہ اول وہ ایک نامور قطب شاہی امیر رہا ہے۔ میر محمد امین سادات شہرستان سے تھا جو اصفہان کے عمال میں سے ہے۔ ۱۰۱۳ھ میں ایران سے دکن آیا۔ محمد قلی قطب شاہ والیٔ حیدرآباد کی سرکار میں محمد مومن استرآبادی کی

وساطت سے رسائی حاصل کی ۔ دربار میں پیشوائی اور وکالت کا منصب پایا بہت سال قطب شاہی سلطنت کا مختارکار رہا اور میر جملہ خطاب پایا۔ مگر محمد قلی قطب شاہ کے انتقال (۱۰۲۰ھ) کے بعد اس کے بھتیجے اور جانشین سلطان محمد قطب شاہ سے اِس میر جملہ کی نہ نبھ سکی۔ وہ گول کنڈہ سے بیجاپور آگیا - یہاں عادل سے بھی موافقت نہ ہوسکی۔ مجبوراً ایران پہنچ کر کسی اعلیٰ منصب کا طلب گار ہوا اور چار سال گذارے ۔ شاہ عباس صفوی کی نظر اس کے اندوختے پر تھی۔ اس لیے آخر اصفہان سے فرار ہوکر ۱۰۲۷ھ میں پھر ہندوستان آیا۔ جہانگیر بادشاہ کے دربار میں رسائی حاصل کی اور میر سامان کے منصب تک پہنچا ۔ شاہجہاں کے عہد میں میر بخشی کے منصب تک ترقی پائی ۔ ۱۰۴۷ھ میں وفات پائی - ابو طالب کلیم نے اس کی مدح میں قصیدہ گوئی کی ہے ۔ شعر مذکورہ بالا کے علاوہ ، اس کے یہ دو شعر بھی شام غریباں میں ملتے ھیں :

جہاں ز روح فزائ نمی شود خالی
بجا ست شیشہ و ساغر اگر مسیحا رفت

نشان موی میانش کنون توانم یافت
کہ خضر رہ شدہ دستے کہ بر کمر دارد

اس کا بڑا بھائی میر جلال‌الدین حسین المتخلص بہ صلائی نہایت فاضل شخص اور شاہ عباس صفوی کا منظور نظر تھا ۔ صاحب مآثرالامراء صراحت کرتا ھے کہ میر محمد امین امامیہ مذھب میں بہت متعصب تھا جس کی طرف شاھجہان بادشاہ نے یہ کہکر اشارہ کیا کہ میر واقعی اصفہانی ھے ۔ مولانا جمی (صاحب بیاض میرزا محمد مقیم کے والد) سے اپنی عقیدت وہ اس شعر میں ظاہر کرتا ھے :

افتادگیٔ بطالم هست   در پاے جمی چرا نیفتم

بہر کیف، یہ ہمارا قیاس ہے اور اس سلسلے میں کوئی خارجی شہادت ہم دست نہیں۔ جمی کے حرف اول کی قرأت بھی مشکوک ہے اور یہ خمی یا حمی بھی ہوسکتا ہے۔ میرزا مقیم اپنے والد کا ذکر دو مقام پر کرتا ہے:

۱۔ صفحہ ۲۷۸ پر وہ اپنے نام کے ساتھ یوں درج کرتا ہے: "ابن حمی محمد مقیم مہرانی (؟)"۔

۲۔ صفحہ ۳۲۱ پر وہ یوں لکھتا ہے: "والدی مولانا حمی مہرانی (؟) اعلی اللہ مقامہ فی الجنۃ"۔ اور یہ کلام بھی درج کرتا ہے:

"چناں ز بیم فراق تو ریگ ماحیہ ایم
کہ خون ما نکند سرخ تیغ قاتل ما
غم و الم چو سفر کردگان ہم صحبت
نشان دہند بہم طرح و وضع منزل ما

منہ رحمہ اللہ:

بر ہر عضوم تازہ زخمست ز غم
وا نگاہ نہ رحمی کہ پذیرد مرہم
اینک چشم .... بامژہ چوں یارا
زخمست کہ بخیہاش بگستہ ز ہم

بیاض میں میرزا محمد مقیم کے ایک متوسل (یا ملازم کاتب) کو بھی دخل رہا ہے۔ چنانچہ متن بیاض میں ایک جگہ وہ لکھتا ہے:

"نیکاں میدانند کہ کسے ایں شعر بد را بایں خط بد بارادۂ خود بپاس یاراں نمی نویسد فقیر معذور ست و جواب یا صاحب کتاب مخدومی میرزا محمد مقیم"
(ص ۲۶۴)

میرزا محمد مقیم اور اس کی بیاض کا زمانہ :

صفحہ ۱۸۱ پر کاتبِ بیاض کی یہ ایک مورخ تحریر ملتی ہے جو ۱۰۴۸ھ کی ہے۔

" مخلص صاحب این بیاض طہماسپ قلی چوں دو سہ روز از مطالعہ این مجموعہ کہ جمعیت بخش خاطر ہایہ پریشانست بقدر فہم ناقص بہرھا گرفت۔ تذکرۃ للاحباب این صفحہ را باین خط نا مطبوع ضایع ساخت والعذر عندکرام‌الناس مقبول فی سنہ ۱۰۴۸ لمحررہ"۔ (ص ۱۸۱)

بیاض میں بکثرت عربی اقتباسات بھی ہیں۔ چنانچہ علاوہ اور مقامات کے، ورق ۱۳۲ - الف (ص ۲۶۵) سے ورق ۱۴۱ - الف (صفحہ نمبر ندارد) تک مسلسل عربی اقتباسات درج ہیں جو مختلف کتابوں سے ماخوذ ہیں۔ شروعات اس صراحت سے ہوتی ہے "کتب الشیخ الملۃ والدین بہاءالحق نعمداللہ بغفرانہ فی توضیحاتہ من کتاب مفتاح الفلاح . . ." درمیان میں کتاب الاغانی وغیرہ کے حوالے آتے ہیں اور آخر میں بھی کتاب الاغانی سے اقتباس کیا ہے۔ انہی عربی اقتباسات کے درمیان صاحب بیاض اپنا نام یوں لاتا ہے " نمقہ الفقیر الجانی ابن جمی محمد مقیم مہرانی" (ص ۲۷۸) جیسا کہ پہلے بھی درج کیا جاچکا ہے۔ اور ایک جگہ مورخ یاد داشت کے طور پر وہ یہ ترقیمہ بھی لکھتا ہے :

"کتبہ فی دولت آباد بتاریخ ۱۷ شہر ذی قعدہ الحرام سنہ ۱۰۴۵ھ"

علی ھذا ، ایک تحریر کے بعد وہ یوں درج کرتا ہے :

" تحریر فی سنہ خمس و اربعین بعد الف من الہجرۃ النبوۃ علیہ و آلہ الصلواۃ التحیہ فی نواحی دولت آباد دکن"۔ (ص ۲۷۲)

اس سے ہم نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ وہ یہ بیاض سنین ۱۰۴۵ھ اور ۱۰۴۸ھ (ص ۲۷۵) کے مابین ، اور لگ بھگ لکھ رہا ہے اور کم سے کم ۱۰۴۵ھ میں دولت آباد میں ضرور موجود رہا ہے۔

اب دیکھنا چاہیے کہ وہ اپنے بعض معاصرین کا ذکر ان کے حین حیات کن دعائیہ کلمات کے ساتھ لاتا ہے کہ اس سے بھی زمانے پر روشنی پڑتی ہے۔

۱۔ حکیم رکنا کاشی (متوفی ۱۰۶۶ھ) کا ذکر وہ دو جگہ دعائیہ کلمات کے ساتھ لایا ہے۔

(الف) "حکیم رکنا حفظ اللہ تعالیٰ"۔ (ص ۱۴۶)

(ب) "حکیم رکنای کاشی ادام اللہ ایام برکاتہ"۔ (ص ۱۴۷)

۲۔ حاجی محمد جان قدسی (متوفی ۱۰۵۶ھ) کا ذکر یوں لاتا ہے۔

(الف) "حاجی محمد جان قدسی دام انفاسہ"۔ (ص ۱۰۵)

(ب) "حاجی محمد جان قدسی مد ظلہ"۔ (ص ۱۵۸)

۳۔ ابوطالب کلیم (متوفی ۱۰۶۱ھ) کا ذکر یوں کرتا ہے۔

(الف) "شاہ طالبا سلمہ اللہ"۔ (ص ۳۱۸)

(ب) "ایضاً منہ مد ظلہ السامی"۔ (ص ۳۱۸)

(ج) "شاہ طالبا کلیم سلمہ اللہ"۔ (ص ۳۲۱)

(د) "و من منظوماتہ علیہ السلام"۔ (ص ۳۲۲)

(ہ) "طالب کلیم سلمہ"۔ (ص ۲۱۹)

صفحہ ۳۱۸ پر "شاہ طالبا سلمہ اللہ" کے چند اشعار درج کرنے کے بعد وہ یہ صراحت بھی کرتا ہے کہ "در دولت‌آباد کہ از طبع شریف ایشان سانح شدہ مرقوم قلم شکستہ رقم شد"۔ (ص ۳۱۸)

اس ترقیم کا زمانہ بھی ۱۰۴۵ھ کے لگ بھگ ہوگا جبکہ کلیم

اور مقیم دولت آباد میں یکجا ہوں گے۔ نیز یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ اس صراحت کے بعد کلیم کی جو غزل درج ہے:

ساقی ارباب مے ایں لحظہ کہ در میگیرد
عرق از عارض او رنگ شرر میگیرد

دولت آباد میں ۱۰۴۵ھ کے لگ بھگ کہی گئی تھی۔

۴۔ "حبیبی شیخ ابو محمد بن شیخ صغان یزدی سلمہ اللہ"۔
(ص ۳۳۰)۔۱

اسی طرح بعض مرحومین کا ذکر بھی لاتا ہے جن کے سنین وفات معلوم و مشہور ہیں اور بیاض کا زمانہ اِن سنین کے بعد کا بنتا ہے۔

(۱) "سحابی غفرلہ" (ص ۲۱٦، م ۱۰۱۰ھ)"۔
(۲) "میر محمد مومن غفرلہ" (ص ۲۳٦، متوفی ۱۰۲۴ھ)۔
(۳) "میرزا قلی میلی رحمہ اللہ" (ص ۳۲۳، متوفی ۹۸۳ھ)۔
(۴) "مولانا محمد صوفی" (آملی، ص ۳۲۳، متوفی ۱۰۳۴ھ)۔۲
(۵) "میر رضی ارتیمانی نوراللہ مرقدہ" (ص ۳۲۵، اس کا سال وفات معلوم نہیں، زمانے کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ اس کا بیٹا میرزا ابراهیم ادهم۳، ۱۰٦۰ھ میں وفات پاتا ہے)۔
(٦) "آقا باقی نہاوندی رحمہ اللہ" (ص ۲۲۳، ۱۰۳۴ھ تک

۱۔ اس شعر کے ساتھ: بحسن خلق‌تواں جا گرفت در دل خصم
غریب را وطنے بہ ز آشنائی نیست
۲۔ مادہ تاریخ "رفتہ ملا محمد صوفی" شام غریباں ص ۲۴۳۔
۳۔ ادھم کا ایک قصیدہ "سخت می ماند بماہ من در اوج دلبری" بیاض میں ص ۳۳ سے ص ۳٦ تک آتا ہے۔

زندہ تھا جیسا کہ شام غریبان میں آتا ہے، اور ماثر رحیمی کا مصنف تھا)، علی ھذا "آقا باقی نہاوندی طاب ثراہ" (ص ۲۲۴)، "منہ رحمہ اللہ" (ص ۲۲۴)۔

مثنوی چندر بدن و مہیار کے ذیل میں میرزا محمد مقیم نام کے اشخاص کی ایک بحث ھمارے بعض فضلا کے گرانقدر مقالات میں آتی ھے۔ اس کو اول تفصیل سے مثنوی چندر بدن و مہیار کے مرتب جناب محمد اکبرالدین صدیقی نے مثنوی کے پہلے ایڈیشن (مطبوعہ حیدرآباد دکن، ۱۹۵۶ء) میں اپنے مقدمے میں پیش کیا تھا۔ پھر فاضل گرامی ڈاکٹر نذیر احمد نے اپنے مقالے "چندر بدن و مہیار کا مطالعہ اور اس کے مصنف کے تعیّن کے سلسلے میں محمد اکبرالدین صدیقی صاحب کی کوشش کا جائزہ" (مشمولہ اردو ادب علی گڑھ بابت دسمبر ۱۹۵۷ء) میں۔ اور آخر میں ڈاکٹر جمیل جالبی کی تاریخ ادب اردو جلد دوم میں بھی یہ بحث آتی ھے۔

اس بیاض کا جامع میرزا محمد مقیم بھی اسی دور اور علاقے سے تعلق رکھتا ھے۔ لیکن اس بحث مذکورہ سے الگ، سر دست تو مقصد یہ ھے کہ بیاض کے حوالے سے جو کچھ معلومات اس میرزا محمد مقیم کے بارے میں ھمدست ھیں، انھیں پیش کیا جائے۔

میرزا مقیم کا کلام:

بیاض میں میرزا مقیم کا جو کچھ فارسی کلام ملتا ھے، ذیل میں درج کیا جاتا ھے۔ اس میں وہ اپنا تخلص مقیم، اور صرف مقیم لاتا ھے:

(۲) "لکاتب الاحرف غفراللہ لہ ولوالدہ"

امید راحت از دور فلک عاقل چسان دارد

کہ او ھم حرف سرگردانی خود درمیان دارد

براه عشق ره رو را ... از همرهان خیزد
جرس اینجا زبان با رهزنان کاروان دارد
نیم از زخم چوگان حوادث هیچگه ایمن
که دشت فرح خون کوئ زمینم درمیان دارد
درین ویران سرا چون کنج مشهورم ...
همین حرفي ز من هر کس که بینی بر زبان‌دارد
ز خوان وصل ... ز او ننهاد بردوشم
ندانم تا کیم حمال مشتی استخوان دارد
ندادم سر ز کف درپای شمشیر جوانمردت
اگر صد بار ... ت نمیرم جان آن دارد
بجا دو کاری چشم سیاه پرفنش یارم
دل از من برده و میخواهد از من هم‌نهان دارد
مقیم از معنئ سود و زیان کو آ گهی ...
.... سود خود .... همت را زیان دارد (ص ۱۵۷)

(۳) "ایضاً منہ"

اختلاط جان و تن باهم به بیزاری کشید
عاقبت دور از تو کار من بد شواری کشید
کی تواند دید رنگیے هر رخ کس چرخ دون
گل باآن عزت درین گلشن بسی خواری کشید
سخت بینا بوده چشم نرگس این بوستان
گنج صحت یافت هرکس رنج بیماری کشید
هر که برپا بود درعالم سرش از دست رفت
تیغ نازش از میان تاسر بخونخواری کشید
بیتو احوال گرانجانان نمیدانم که چیست
اینقدر دانم که کار دل بد شواری کشید

عشق محبوبان خود را زرد بردارد ز خاک
کاردار آخر درین درگہ بسرداری کشید
میکند روشن چراغ خود زنور دل مقیم
سرمہ ہرکس بچشم از راہ بیداری کشید

(ص ۱۵۷، ۱۵۸)

(۳) "لکاتب الاحرف غفرلہ"

ای فارس عرصۂ سیادت خرجت بعنان دویدنی داشت
کوتاہ کنم بلند بختی قدری بفلک رسیدنی داشت
اسپے کہ بہ بندہ نامزد بود از من صفتش شنیدنی داشت
یک موی ز رنگ او ندیدم آخر یکبار دیدنی داشت
از عرصۂ خاطرت برون جست این اسپ عجب دویدنی داشت

(ص ۲۰۹)

(۴) "لکاتب الاحرف"

جستم دل پر آبلہ کمتر بکف افتاد
این گوہر نایاب بدست صدف افتاد
با خانہ بدوشان نبود برگ تعلق
برباد دہد گل اگرش زر بکف افتاد
برخاستنی در رہ افتادگیم ہست
خورشید ازین سلہ برج شرف افتاد
رنگے نبود تیرہ دلان را ز شب وصل
کے دامن خورشید بچنگ کلف افتاد
ہرکس نخورد زخم بلا روی کشادہ
این قرعۂ اقبال بنام ہدف افتاد

از نهکدلان چشم کشاکش نتوان داشت
واشد دل گوهر چو جدا از صدف افتاد
ای ابر نداری جگر دیدهٔ خونریز
صد بار میان تو و او جنگ صف افتاد
هر کس که گرفتار طلسم تن خود گشت
بیچاره بزندان ابد چون کشف افتاد
از گریه سر خود بکفے دجلہ نهادم
شوقم چو بسر وقت خیال نجف افتاد
شاعر فتد از شعر بد خود بزبانها
رسوا ست پدر گر پسرش ناخلف افتاد
از سیلیٔ بیداد درافغان چو منم است
هر کس که دریں دائره مانند دف افتاد (ص۲۱۳)

ز سوز عشق ندیدم تنے که داغ بسوخت
کدام دل که دریں‌خانہ چون‌چراغ بسوخت
چو آب سوز دل از گریہ روشنست مرا
منے بشیشہ نگردم کزان دماغ بسوخت
ز سوز عشق دل بوالهوس بود محروم
کرابخلوت خود شمع شب چراغ بسوخت
چو شمع رشتہ فرو برده ام در آتش دل
فتیلہ ایں هم در سوختن دماغ بسوخت
سواد شب بکند جا بچشم اهل نظر
کسے بمجلس روشندلاں چراغ بسوخت

چرا تو عاشق هنگامہ خودی ای برق
کدام پاکہ ز گرمی... سراغ بسوخت
سرشت کس چوبد افتاد نیست در خور رحم
کسے مقیم بروز سیاہ زاغ بسوخت
(ص ۲۱۳، ۲۱۴)

سینۂ صاف از جہان پاک بر افتادہ است
سلسلۂ بحر و (بر) بدگہر افتادہ است
ہیچ نیاید بدست، جمع بخرجش مبند
حاصل این مشت خاک درنظر افتادہ است
خاک عناصر بباد، گردہی اےدل بجاست
شعلہ بود خشک مغز، آب تر افتادہ است
در قفس سینہ دل بال و پری وا نکرد
راہ بروں شد نیافت ہرکہ در افتادہ است
سنگ رہ کس مباد، کوہ غمی کاندراں
کوہکنی ہر قدم از کمر افتادہ است
مجلس افسردہ ایست دہر در و پا منہ
مہر سفر کردہ است رحم بر افتادہ است
آہ جگر تفتگاں دود بر آرد ز بحر
نالۂ نی از کجا بے اثر افتادہ است
نیست چو قسمت ببحر، تر نشود لب ز آب
رشتہ چہ شد گر رہش بر گہر افتادہ است
عشق چو افسرد پای کوہ در آید ز جای
عقل بہ بین کز جنوں ناگہ در افتادہ است

داد ز غفلت بباد حاصل هستی مقیم
این هم از خود چرا بے خبر افتاده است

(ص ۲۱۴)

گاه جا در کوه و گاهی رو بصحرا کرده است
سیل تا چشم مرا در گریہ پیدا کرده است
تا کرا در بیستون جو ... بی باک کند
عشق شیرین کار دستی باز بالا کرده است
چشمی ار داری بگاه از این کہ صاحبدل شوی
شمع خوش سر رشتۂ بہر تو پیدا کرده است
ترک دنیا آنقدر ها نیست کزوی دم زنند
وقت رندے خوش کہ ترک ترک دنیا کرده است
نیست تنها یک سر منصور زیب دوش دار
عشق ازین هنگامها بسیار پیدا کرده است
نیست جز نامے زمن باقی چہ می پرسی مقیم
عشق را نازم کہ خوب از می مرا وا کرده است

(ص ۲۱۴)

دور از تو دل بے برگ و نوا نکشاید
بلبل از باغ چو افتاد چرا نکشاید
چہ کند آه سحر بادل تنگے کہ مراست
غنچۂ من ز دم بادِ صبا نکشاید
غنچہ شو در چمن دهر شگفتن حرفست
کہ دریں خاک گل نشو و نما نکشاید

نتوان بیہدہ در بند رهائی بودن
عشق بندی کہ نہادست ز پا نکشاید

کامہ بر بکف چو نہی جز بدر دوست مرو
در بیگانہ بروی تو خدا نکشاید

رہ باآواز درا طے چہ کنی هرزه مقیم
دلے از پہلوے این هرزه درا نکشاید

(ص ۲۱۴، ۲۱۵)

(۶) "ایضاً منہ"

راه آزادیٔ دل از دام دنیا بستہ اند
این گرفتاری بصد زنجیر بر ما بستہ اند

فیض قسمت جزو و کل رامیرسد دل‌بد مکن
تا بجوی قطره هم آبے ز دریا بستہ اند

با محبت هیچ تاثیرے نمی یابم کجا ست
راه دلها را ز یکدیگر همانا بستہ اند

حرف پہلودار را نتوان بخود هموار کرد
تہمت آسودگی بر نقش دیبا بستہ اند

بس کہ پروازش بلند افتاده گم شد از نظر
بال اقبال مرا بر بال عنقا بستہ اند

حاصلی کاید بدست از شعلہ خس‌را روشنست
اهل دنیا از چہ رو خود را بدنیا بستہ اند

در جنون از سایۂ خود نیز می باید گریخت
تازگی دارد کہ مارا باز بر ما بستہ اند

گوهر یک رشتہ را از هم جدا نتوان شمرد
سینہ چاکان تو دلها را بدلها بستہ اند

(ص ۲۱۵)

———

(۷) "لکاتب لاحرف"

تیغ ... اگر خونم بسوی خود کشد
میتواند سینه ام دست از رفوی خود کشد
کنج استغنای خود خود را بخاک لا نشاند
هر کسی خواری بقدر آب روی خود کشد

(ص ۲۸۶)

جای پا مارا براه عاشقی سرمی رود
سایه هم با ما دریں وادی سراسر میرود
باغ دهر از گریهٔ من تازه دارد روی خویش
بی نم اشکم جهانرا دود از سر میرود
دیدهٔ خونبار عاشق را بچشم کم مبین
آب این دریا بجوی هفت کشور میرود
چار باغ دهر بوی خرمی نشنیده است
گل ازین ماتم سرا بادیدهٔ تر میرود
راه دلرا سرسری شو آن برید آسوده باش
همچو کشتی موج از دریا بلنگر میرود

(ص ۲۸۶)

---

(۸) "لہ"

آه خوش بازی ز رودش سینهٔ من برگرفت
داغ چون خورشیدم از سرتا بپا در زر گرفت
گریه بر ویرانیٔ آفاق همت بسته بود
آستیں بهر شفاعت دست چشم تر گرفت

گرمیٔ هنگامهٔ گل هیچ معلومم نشد
اینقدر دانم که بلبل رنگ خاکستر گرفت
آتش افسردگان گرمی نمی بخشد بدل
شمع سوزی داشت با او صحبت مادر گرفت
عالمی گشتم ولی مقصد همان حرمان همان
باز راه رفته را می بایدم از سر گرفت
(ص ۲۸۶)

از نم گریهٔ قفس چون چمنم سبز شود
دیده هر جا که کشایم وطنم سبز شود
بس که خاموش نشستم ز سخن چون سوسن
جای دارد که زبان در دهنم سبز شود
گل نومیدیم از باغ تمنا بشگفت
مو بر آمد ز زبان تا سخنم سبز شود
(ص ۲۸۶)

عجب مدار که روزم بود بشب محتاج
که کرده سردیٔ دوران مرا به تب محتاج
نگاهٔ گرمی تو دلرا بفکر وصل انداخت
...... پیش کریمان لب از طلب محتاج
مرو بوسعت خوان فلک که کرده مرا
گرسنه چشمی اختر بتان شب محتاج
(ص ۲۸۶ ، ۲۸۷)

---

(۹) "ایضاً منه"

چه دلگیری چو شمع مجلسم زین انجمن باشد
که گر خونی بمن میجوشد آنهم خون من باشد
مرا همراهی می کرده سرگردان درین وادی
خوشا خلوت گزینی کو جدا از خویشتن باشد
نسازند اهل دل محتاج در هر وادی خود را
چو تنها میشود دیوانه باخود در سخن باشد

(ص ۲۸۷)

حرف خود امشب کسی چون من بمجلس سر نکرد
درد دل چندان باو کردم که او باور نکرد
حسن را بر خاک ساران اعتمادی دیگرست
شاهد آیینه رو پنهان ز خاکستر نکرد
گنج باد آورد در زیر طلسم خاموشیست
غنچه در گلشن دهان خود عبث (بی) زر نکرد
دل بیمن تیره روزیها چراغش روشنست
کار صیقل بی وجود زنگ زنگی بر نکرد
هیچ کس در زیر گردون... بکار خود نبرد
خضر همراهی که می بایست رفتن سر نکرد

(ص ۲۸۷)

در بساط یکدلی نقش دوئی بنشسته است
هر که دارد بینشی چشم از دو بینی بسته است

سالک از پا گر نیفتد کم بحالی میرسد
او بمقصد کے شتابد نامہ تانشکستہ است
گر رسد تیغ ملامت برسرش پرزور نیست
حرف خامی از زبان خامہ بیرون جستہ است
(ص ۲۸۷)

تا نوای عیش برگوش اسیران کم خورد
باغبان . . . .
. . . .
آنکہ دارد جوهری از هر دو عالم می برد
(ص ۲۸۷)

تیغ حیرانم کہ چون بر خلق خود را بستہ است
. . . .

آنرا کہ چون صدف گهر راز دادہ اند
بیرون ز پردۂ سخن آواز دادہ اند
کو آن زبان کہ سرّ محبت بیان کند
گیرم رضا نگفتن این راز دادہ اند
در کوچک و بزرگ و چپ و راست بر مپیچ
قانون روزگار چنین ساز دادہ اند
بر روی بستگی در فتحی کشودہ بود
آنهم کنون بطالع ما بازدادہ اند
سعیی کہ می کنیم بجای نمی رسد
پر بستہ اند و رخصت پرواز دادہ اند
(ص ۲۸۷)

تا مہر روی تو بدلم پر تو افگنست
چون ذره چشم من هم بر راه روز نست
بی سعی دیگری نبرم ره بمقصدی
بیرون من چوسنگ ببال فلا خنست

(ص ۲۸۷)

بدل ز داغ تو بسیار مدعا دارم
نشستہ بر سر کنجے و فکرها دارم
تمام عمر سفر داده روی در وطنم
بزیر چرخ نگون حکم آسیا دارم
بسعی دیگری آرم براه روی امید
چو موج چشم بهمراهی صبا دارم

(ص ۲۸۷)

از عطای سفلہ چیزی سخت تر دردم نکرد
آسمان ننشست تا محتاج ما مردم نکرد
دیده و دانستہ خود خودرا چوگل بستم بخار
دشمن من در حق من آنچہ من کردم نکرد
داغ رفت از دست و میسوزد دلم برحال خویش
برق شوقی رحم برهنگامۂ سردم نکرد
دانۂ کافتد بدام آسیا حالش مپرس
چرخ دون پا از سرم ننهاد تا گردم نکرد

(ص ۲۸۷، ۲۸۸)

یاد آن مستیٔ فکر خویش کم میداشتم
نے غم عالم نہ پروای عدم میداشتم
هیچ کس غمخوار بیغم نیست کس بیغم مباد
غم اگر میداشتم غمخوارهم میداشتم
بر سر راه کسی میدوختم چشم امید
گر درین رہ طالع نقش قدم میداشتم
خاری از پایم بتدبیر هنر بیرون نشد
کاش برکف سوزنی جای قلم میداشتم
راضیم از خست خود بلکہ ممنونم ازو
من چہ میکردم باین دخل از کرم میداشتم
(ص ۲۸۸)

بی تو گل زین گلستان آهنگ رفتن میکند
شمع بی خورشید رویت خانہ روشن میکند
هیچکس را برگ عیشی نیست در باغ وجود
گل درین گلزار خون خود بد امن میکند
حاصلی از عمر ما مارا بکف جز باد نیست
کے سرای کس چراغ برق روشن میکند
(ص ۲۸۸)

از شرم اینکہ چون ز برِ یار میرود
پیوستہ مہر روی بدیوار میرود
گر یکرو گام همرهی اشک من کند
از پای سیل قوت رفتار میرود

کس ... نساخت در چمن دهر خرمی
تاخنده کرده است گل از کار میرود
عالم تمام از اثر برق جلوه سوخت
موسی هنوز از پی دیدار میرود
(ص ۲۸۸)

چشم تو دل ز صورت دیوار میبرد
آیینه را نگاه تو از کار میبرد
عشقت دلم بگوشهٔ چشم تو میکشد
بیمار را (به) پرسش بیمار میبرد
گیرم که صبر مشکلم آسان کند ولے
از خاطرم که حسرت دیدار میبرد
(ص ۲۸۸)

ز گلشنم چه که آنجا شمیم کاکل نیست
ز زلف آنچه برد دل بیار سنبل نیست
دلی چو پرده بهر تار بسته مطرب بزم
که تار چنگ کم از هیچ تار کاکل نیست
بعجز کوش که دست فتادگان بالاست
زبون شدن ز کسی در ره تنزل نیست
ز پا فتادگیٔ من اشاره ایست بدان
که سایه نیز رفیق ره توکل نیست
بد مپیچ که بد هم بجای خود خوبست
ز خار فایدها سرزند که در گل نیست

طراوت گل رویت ز گریهای منست
کہ این معاملہ با آب چشم بلبل نیست
یکے بجانب مشتاق خود توان آمد
مقیم اینهمہ هم قابل تغافل نیست

(ص ۲۸۸)

زلف شبرنگش چو گردد گرم چوگان باختن
پیشتر از گوی باید سر بمیدان باختن
عشق میخواهد ولی وارستہ از قید جهان
کی توان شطرنج با فکر پریشان باختن
ملک دین را تاب دست اندازیٔ کفار نیست
پیش اهل دل بموی بستہ ایمان باختن
هر چہ دارم میزنم بر سنگ از نقد وجود
خویش را حالی نمی بازم کہ نتوان باختن

(ص ۲۸۸)

روزم از زلفت برنگ شام هجران میکند
یاد رویت عشق شمع آن شبستان میکند
در بهشت از خاطر جمعی نصیب کس شدی
زلف چون بر روی او خود را پریشان میکند
نام من چون کرد از آنجا سر برارد عاقبت
غمزه تیغ خود بخاک هر کہ پنهان میکند
همتم دریاست سوی من بچشم کم مبین
گو نہ زر دارم نگہ را زر بدامان میکند

هر که با ویرانهٔ خود ساخت عالم ملک اوست
گلخنی در گلخن خود سیر بستان میکند
(ص ۲۸۹)

سرگرانی از میان خلق جانم میبرد
وحشت آخر بر کناری زین میانم میبرد
ساغرم ساغر که دوران بسته بر من راه عیش
تا لبی تر میکنم از باده جانم میبرد
فتح اقلیم قفس بر بازوی بال منست
ساعتی خوش کرده طالع ز آشیانم میبرد
پر تو خورشید سر مشقیست روشن درکفم
آخر این افتادگی بر آسمانم میبرد
نخل بندی نیست باغ نظم را چون من مقیم
صد گلستان سعدی از هر بوستانم میبرد
(ص ۲۸۹)

چشم شوخش سوی عاشق کم نظر افتاده است
مست از بسیاریٔ می بیخبر افتاده است
مرغ دل در دام مویش ره بآزادی نبرد
کوچه زلف از قفس پیچیده تر افتاده است
زین معمأ مطلبی خاطر بشان کس نشد
کهنه اوراق فلک بریکدگر افتاده است
کوچه گرد آستین با گوشه گیر دامنست
طفل اشکم کز یتیمی دربدر افتاده است

سوبموی حسن هم گشتم ندیدم رونقی
زلف از پا رفته و کاکل بسر افتاده است
(ص ۲۸۹)

---

(۱۰) "ایضاً منہ غفراللہ لہ و تجاوز عنہ"

همچو گل دایم سر خود بار گردن داشتم
پارۀ دل جای برگ گل بدامن داشتم
بی گرفتاری ندارم یاد هرگز خویش را
در قفس بودم اگر سامان گلشن داشتم
بخیہ را از زخم من دست تصرف کوتہ است
چشم این باریک بینی کے ز سوزن داشتم
اختیار دل بدست خود ندیدم هیچگہ
بود صد کس صاحب این خانہ تامن داشتم
دل نبستم هیچگہ چون خوشہ برکشت امل
آتشی بودم اگر راہے بخرمن داشتم
دست اگر کوتاه باشد همتم کوتاه نیست
می فزندم بر جهان روزی کہ دامن داشتم
تابود ...... با سر پنجۀ طالع مقیم
موم میکر دید اگر در دست آهن داشتم
(ص ۲۸۹، ۲۹۰)

با قلیم محبت کی تواند کس دلیر آید
کہ بوی خون فرهادش هنوز از جوی شیر آید

---

(۱۱) "ایضاً سوانح افکاره"

سری آشفته تر از طرۂ سنبل دارم
دل جمعی به پریشانیٔ کاکل دارم
کس بسامان پریشانی من خلق نشد
دست خود شانه صفت برسر کاکل دارم
نبرد دست کسے از سپر انداختگان
غالبم برهمه تا رو به تنزل دارم
رنگ معشوق شکستن گل تر دامانیست
داغها بر جگر از گریهٔ بلبل دارم
بارے از خود بهمین شیوه تسلی شده ام
که باندازۂ جور تو تحمل دارم
نظر همت عشاق بلند ست بلند
دیده ام قدی و برسرو تغافل دارم

(ص ۲۹۰)

رخ خرم، دل بیغم، لب کشتی دارم
در نظر همچو گل و لاله بهشتی دارم
دردم افزون شود از دیدن صاحب نظران
حکم آینه چرا صورت زشتی دارم

(ص ۲۹۰)

---

(۱۲) "ایضاً منه فی الرباعیات"

از خواهش طبع انکه حضور ست اورا
دل تیره و چشم دید کور ست اورا

پامال کند صفاے دل ظلمت طبع
چوں سایہ کہ پا برسر نور ست اورا

در راہ تو عاشق ز تو جز غم نکشد　　بی ریزش اشک دمبدم دم نکشد
اما دل تو زگریہ کی نرم شود　　آیینہ در آب اگر نهی نم نکشد

در راہ غمت کہ دیدہ ام خونبارست　　از گریہ مرا خرابی بسیارست
نگذاشت کہ چشمی برخت آب دھم　　ھر قطرۂ اشکم . . . . کارست

در زیر فلک همہ زشت وچہ نیکو را　　بی رنج سپندار بتن یک مو را
ھر ہرکہ بہ بینی بتن مرغ ھوا　　سیخ است پی کباب کشتن اورا
(ص ۲۹۰)

---

(۱۳) صفحہ ۸۳۰ کے متن میں "لراقم" کی صراحت کے ساتھ ایک قطعہ آتا ھے۔ اِمکاناً یہ بھی مقیم کا هوسکتا ھے کیونکہ مصرع ثالث میں "مقیم" آتا ھے۔ تاھم امکان یہ بھی ھے کہ وہ بطور تخلص نہ آیا ھو:

رسم ورہ اسلام تراکے یاد است　　در قاعدۂ کفر دلت استاد است
در ھر طرفت ھزار هندوست مقیم　　ای بہیہ مگر سرات کفر آباد است

مقیم کے اشعار میں کہیں کہیں شخصی حوالے (self-references) بھی ملتے ھیں، چنانچہ اِس شعر میں:

تمام عمر سفر دادہ روی در وطنم　　بزیر چرخ نگون حکم آسیا دارم
(ص ۲۸۷)

وہ اپنے وطن (ایران) کو یاد کرتا ھے۔ ایک اور مقام پر اس کی یاد داشت ظاہر کر رھی ھے کہ مشہد سے اس کا گذار ھوا ھے۔ چنانچہ وہ لکھتا ھے:

"مجنونے در مشهد مقدس علی صاحبا الف التحیہ الحرف مشاهده نمود کہ پیوستہ این شعر رامیخواند و از وست"

نام دشنام ندانم ز کہ آموختہ است
آن جفا جو کہ زکس غیر دعا نشنید ست

(ص ۳۲۹)

علی هذا نثری یادداشتوں میں بھی کہیں کہیں شخصی حوالے آتے ھیں:

۱ - پہلے وہ شبلی کا قول اس طور پر درج کرتا ھے "نقلست کہ شبلی گفت . . . " پھر اپنی رائے اس طرح درج کرتا ھے: "کاتب احرف را اعتقاد انیست کہ دریں معنی جنید محققست رحمہ اللہ علیه چرا کہ اختیار عین انانیت و عدم نیستی است . ."

(ص ۷۱)

۱ - ایک قول پر وہ یوں اپنی رائے ظاہر کرتا ھے:
"الحق عجب کلمات فصاحت امیر است"

۳ - آیک جگہ تبدیل جنس کا ایک واقعہ کتاب حیوۃالحیوان سے درج کرتا ھے جو ابن‌الاثیر نے کامل‌التاریخ میں ۶۲۳ ھ کے حوادث میں لکھا تھا اور اپنی طرف سے یہ اضافہ کرتا ھے کہ "قال کاتب الاحرف و نظیر هذا ما آورده حمداللہ مستوفی فی کتاب نزهتہ‌القلوب . . . .

(ص ۲۶۷)

اسی نوعیت کا ایک شخصی حوالہ بیاض کے ابتدائی خاکستری اوراق میں بھی آتا ہے، جو مقیم سے نہیں بلکہ اس کاتب سے ہے جس کے تصرف میں یہ بیاض، مقیم کے بعد رہی ہوگی۔ وہ مقیم کے طریقے پر خود کو "کاتب الاحرف" نہیں بلکہ "کاتب حروف" لکھتا ہے اور بارھویں صدی ھجری کے اوائل کا ہے۔ سلطان محمود کی ایک حکایت نقل کرنے کے بعد (جس میں آتا ہے کہ اس نے ایک غلام کو اپنے مالک کے پاس سے آنے پر تادیب کی) وہ اپنی طرف سے بھی اس نوعیت کا ایک واقعہ بیان کرتا ہے:

"کاتب حروف یاد دارد کہ در عہد سلطنت شاہ سلیمان جنت مکان در دار السلطنۂ اصفاہان چون مرضی باد شاہ نسبت بہ مرزا ... علی پسر اخلاص مرزا کمال کم عنایت بود ..."
(ص ۳ے)

شاہ سلیمان صفوی کی وفات ۱۱۰۵ھ میں ہوئی ہے۔ چنانچہ اس یاد داشت کا زمانۂ تحریر ۱۱۰۵ھ کے بعد کا ہوگا، لیکن جس واقعے کی طرف اشارہ ہے وہ شاہ سلیمان کے عہد (۱۰۷۶ھ تا ۱۱۰۵ھ) کا ہے۔

جامع بیاض مرزا محمد مقیم کے بارے میں یہ بات یقین کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ وہ میرزا محمد مقیم شیرازی سے جدا شخصیت ہے۔ اس میرزا مقیم شیرازی کے کلام کا انتخاب (۸ شعر) بیاض میں ص ۱۴۹ پر، ایک اور شاعر کے بطور "میرزا مقیم شیرازی" کے تحت آتا ہے۔ اور منتخب اشعار کی زمینیں یہ ہیں: تیر شود، خویش میسازد، ویرانہ دارد، سایہ گرفتست، خواب میپیچ، حساب مپیچ، بیرون نمی رود خون نمی رود۔

حیدرآباد دکن کے کتاب خانوں میں سے آصفیہ میں ایک دیوان کسی مرزا محمد مقیم کا ہے جو بقول محمد اکبرالدین صدیقی اس کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔۱ سالار جنگ کے کتاب خانے میں بھی ایک میرزا محمد مقیم کے دو دیوان ہیں۔ اور یہ تحقیق طلب ہے کہ کیا بیاض کا مذکورہ بالا کلام ان دواوین سے کوئی مطابقت رکھتا ہے۔۲

کئی موقعوں پر بیاض مقیم کا مرزا محمد مقیم اپنا مرشد " مولانا وشیخنا بہاءالحق والدین نعمداللہ بغفرانہ" کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً ۱۔ "مضمون ہذہ‌الابیات الثلاثہ من حالباب محرر ھذہ الاحرف بالنسبہ الی خدام سیدی و مخدومی و استاذی و نور بصری و ثمرۃ فوادی ..... نقات ہذہ‌الاحرف من خط مولانا و شیخنا بہاءالحق والدین نعمداللہ بغفرانہ" (ص۳۰۸)۔ ۲۔ "کتب الشیخ الماہ والدین بہاء الحق نعمداللہ بغفرانہ فی توضیحاتہ من کتاب مفتاح الفلاح . . . . ." (ص۲۶۵)۔

۱۔ جیسا کہ موصوف نے چندربدن و مہیار پر اپنے تحریر کردہ مقدمے میں صراحت کی ہے۔

۲۔ ایک مکتوب کے مطابق (جو ادھوری معلومات فراہم کر رہا ہے) " سالار جنگ کے کتب خانے میں مرزا مقیم کے دو قلمی دیوان موجود ہیں۔ پہلا دیوان، جس کا نمبر ۴۸۰ ہے، نامکمل ہے، ناقص الآخر، بلکہ منتخب کلام کا مجموعہ ہے۔ اسی لیے اس کے ابتدائی ورق پر کسی نے متفرق‌اشعار مقیم‌شیرازی لکھا ہے۔ دوسرے دیوان کا نمبر ۴۸۱ ہے۔ ان دونوں دواوین کی چھان بین کے بعد صرف تین غزلیں ایسی ملیں جن کے مطلے اور مقطعے (بیاض مقیم کی) دریافت طلب غزلوں میں شامل ہیں، یعنی (۱) جاں میکند، ارزاں میکند پریشاں میکند(مخطوطہ ۴۸۱، ورق۴۸)۔ (۲)سر گرفت، در گرفت، خبر گرفت، جگر گرفت خبر گرفت (مخطوطہ ۴۸۱ورق ۴۰)۔ (۳) گلشن میکند، شیون‌میکند، دامن میکند(مخطوطہ ۴۸۱ورق ۵۰)"۔

مرزا محمد مقیم کے عقائد و نظریات :

ایک طرف وہ بکثرت ایسی یادداشتیں تحریر کرتا ہے جو شیعی عقاید میں اس کی پختگی پر دلالت کرتی ہیں، اور ایسی شخصیات اور کتب کا ذکر محبت و عقیدت کے ساتھ کرتا ہے جن کا تشیع تاریخی طور پر ظاہر ہے، دوسری طرف وہ سنی اہل تصوف بشمول خواجگان نقشبندیہ و چشتیہ کا ذکر بھی احترام کے ساتھ کرتا ہے۔ مثلاً

۱۔ صفحہ ۳۰۴ پر وہ "تاریخ ظہور مذہب شیعہ کہ باعث ترویج آں بادشاہ مسرور شاہ اسماعیل انارالله برھانہ شد" کے عنوان سے ایک حکایت درج کرتا ہے۔

۲۔ اکابر صوفیہ کے اقوال بکثرت درج کیے ہیں، چنانچہ صفحہ ۱۱۰ پر "من الاکابر الصوفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ" کے عنوان سے اقوال درج ہیں۔ شیخ ابو سعید ابوالخیر، عبدالرحمٰن جامی، عطار، رومی، "شیخ نظامی قدس سرہ" وغیرہ کے علاوہ ایک جگہ خواجہ نظام الدین اولیاء کا ایک قول اس طور پر آتا ہے:

> "شیخ نظام الدین اولیاء قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز فرمودند کہ طاعت بر دو قسم است لازمی و متعدی۔ طاعت لازمی آنست کہ منفعت آن ہمان یک نفس طاعت کنندہ را باشد و آن نماز و روزہ و اوراد و تسبیحات و آنچہ بدان ماند اما طاعت متعدی آنست کہ از تو منفعتی و راحتی بدیگری رسد باتفاقی واشفاقی و بدانچہ دست رس بود لطف در حق غیری کردن این را طاعت متعدی گویند و ثواب این بیحد و اندازہ

است و در طاعت‌لازمی اخلاص می باید تا قبول افتد و طاعت متعدی هر گونہ باشد مناسبست و مقبولست۔"(ص ۲۸۰)
ایک اور جگہ امیر کلال رحم کا ایک قول اس آغاز کے ساتھ آتا ہے۔" شخصے نزد سالک صمدانی و عارف ربانی شیخ علی کلال قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز رفت و استدعا کرد . . . ." (ص ۲۸۱)

شعراء جن کا انتخاب کلام بیاض میں ہے :

کاتبی ، اھلی شیرازی ، خالص ، سلمان ساؤجی ، اسیر ، خالص ، ادھم ، میر عین علی ، نویدی ، عرفی ، شوکت بخاری ، حکیم عزت‌اللہ ۔ آشنا ، نکہت ، سید حسین سبزواری ، عظیما ، خاشع ، ھمت ، اوحدی ، ھلالی ، ابن حسام ، خواجہ کرمانی ، امام فخر متخلص بہ رازی ، قدسی ، ابو سعید ابوالخیر (۱۱۳ رباعیات ، ص ۱۲۰ تا ۱۲۳ ح نیز ۲ رباعیات برصفحہ ۱۴۳ ح) ، سحابی ، کمال اسمٰعیل ، میر باقر داماد ، مظفر حسین کاشی ، مرزا قلی میلی ، بابا نصیبی گیلانی ، میر تشبیہی ، مولانا محمد باقر خردہ کاشی ، شاہ داعی شیراز ، مولانا درویش علی معلم عرفی ، جمال‌الدین عبدالرزاق اصفہانی ، امیر خسرو دھلوی ، عباسی ، رومی ، میر محمد زمان سبزواری ، ذوقی اصفہانی ، مولانا جامی ، شیخ عطار قدس سرہ العزیز ، میر سنجر کاشی ، سعدی ، مرزا اسمٰعیل نجم ثانی المدعوبہ خورسندی ، مولانا ظہوری ، شیخ گنجہ (نظامی گنجوی) ، حکیم رکنا ، میر آدمی ھمدانی ، میرزا مقیم شیرازی ، مولانا صیدی ، محمد قلی سلیم ، آقا حقی خوانساری ، میرزا ابراھیم اصفہانی ، مرز ابراھیم ھمدانی ، امیر یادگار بیگ ، میر شحیم سہیلی ، آصف خان ، شاہ اسمٰعیل ثانی ،

شکوهی خراسانی ، خواجہ شعیب ، بحری آفندی ، خواجہ ابو نصر ، صبوری تبریزی ، عقیدت خاں ، باقی بخاری ، مجلسی مشہدی ، رفیع مہدی ، حریفی لاری ، صبحی ساوجی ، صرفی ساوجی ، خضری ، قصری لاری ، کمال اسماعیل خلاق المعانی ، عنصری ، ملا مومن ، حسین یزدی ، مرزا رفیع دستور ، عمر خیام ، میر بدیعی تونی ، وحشی ، میر عیر علی ، خاشع ، فروغ ، طغرای مشہدی ، صائب ، نکہت ، میر والی قمر ، اکبر بادشاہ (ایک فارسی شعر) صادق بیگ ، میر محمد مومن ، حکیم النہی ، جہانگیر بادشاہ (دو فارسی شعر) ، ناصر خسرو ، بابا طالب اصفہانی ، علی سالار یزدی ، مرزا محمد معصوم ، (کاشی؟) ، مولانا فرح شوستری ، آقا شاپور ، سلطان محمد قطب المتخلص بہ ظل اللہ (ایک فارسی شعر) ، اسد بیگ ہروی ، عارف ، داعی ، شرف کاشی ، شریف آملی ، سعیدا ، مولانا محمد علی دانشی ، میر غوث کوثری ، مولانا خوفی ، خواجہ عبداللہ ، سید محمد نجفی ، خان خانان (فی مدح شیخ ابو الفضل) ، میرزا فصیحی ، جہانگیر بادشاہ (تین مصرعے) ، عزیران روح اللہ ، شیخ بہاء الحق (عربی اشعار ، شیخ عبدالسلام بغدادی ، عبدالواسع جبلی ، سید حسن غزنوی (فارسی رباعی) ، شفای ، ملک طیفور کاشی ، ملا سلطان علی مہدی ، فردوسی ، حکیم سوزنی ، فیاض ، جہانگیر بادشاہ (فارسی رباعی اور ایک شعر) ، میر محمد امین ، میر عبدالغنی تفرشی ، شیخ محمد مومن مخمور ، طالب کلیم ، میر بدیعی ہراتی ، مولانا جمی ، فضولی بغدادی ، میر حیدر معما ، میر جعفر کاشی ، میر رضی ، امام قلی بیگ وارستہ ، مولانا رفعی ، شیخ شاہ نظر ، ساحری گویا بادی ، مولانا محمد صوفی ، مولانا تجلی ، لاھجی ، عمعق بخاری ، شرف الدین شفردہ ،

شیخ عراقی همدانی، محمد یوسف ضابط، حکیم مقصود لاهجی، میر رضی آرتیمانی، ملا سمعی گرزانی، مرزا جمیل، مرزا خلیل، ملا رضای آرتیمانی، ملا امانی، میر منصور یزد جردی، شربتی کشمیری، محمد حسین شوری، مولانا زکی همدانی، محمد امین بهجتی، پسر مولانا زکی همدانی، مولانا محمد زمان، شیخ صغان یزدی، ملا زلالی خوانساری، فضل نیشاپوری، جمیل بیگ علوی، بصیرای خلخالی، سید نظام حصاری، مولانا هلاکی همدانی، امیر علی شیر، رونقی، میر عقیل همدانی، مقیمای طرشنی، میر سعدای اردستانی، ملک نصرت کرمانی، باقی نہاوندی، هلالی، کاظمای کاشی، حسن بیگ عجزی تبریزی، فیضی، علی بن الحسین مولانا (عربی اشعار) - محمد ابراهیم صفاهانی، ملا ملهمی، میر رفیع الدین، محمد طباطبای، میرزا رؤف بخاری، ملا دخلی، مولانا عرفی، میرزا نوری، شیخ سودان اصفهانی، صیرفی قمی، محرمی اردبیلی، سیرابی هندی، (ابو محمد سیرابی مولدش سیال کرٹ در عہد جہانگیر، گلشن همیشہ بہار، اخلاص، ص ۱۱۵) حسن علی، اثر، عبید زاکانی، انوری، وصالی، ملا علی رضائی، میرزا معز فطرت، شاہ خاشع، حسن کاشی، نظام (چرخیات نظام)، میرزا قاسم، ملا ظهیرا تفرشی، مرزا رفیع واعظ، یکتا (جہاں آشوب)، عصمت، سلیم، اثر، کمال، خالص، مہری، خاوری، انیسی شاملو، بہاءالدین آملی، محمد قلی سلیم، وغیرہ۔

ان شعرا میں ایسے بھی ایک بڑی تعداد میں ہیں جو اصلاً ایرانی ہیں اور مستقبل کی تلاش میں برصغیر پہنچے ہیں۔ تذکرہ شام غریباں مؤلف لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی اور تذکرہ همیشہ بہار مؤلفہ کشن چند اخلاص میں ان کا ذکر آتا ہے۔

(۴)

بیاض کا جامع اول تو میرزا محمد مقیم ھی ھے، (اور اسی لیے اس بیاض کو راقم نے میرزا محمد مقیم کے نام سے موسوم کیا ھے). اور وہ ۱۰۳۵ھ کے قریب کا ھے جیسا کہ اس کے ترقیمجات سے ظاھر ھے۔ دوسرے نمبر پر یہ بیاض میرزا محمد مقیم کے ایک متوسل کاتب کے تصرف میں رھی ھے۔ تیسرے نمبر پر یہ بیاض سب سے زیادہ ماجد تخلص کے ایک ایرانی الاصل شخص کے تصرف میں رھی ھے جو برصغیر کے بعض دوسرے مقامات کے علاوہ پشاور میں، پنجاب کے ایک محال "منکری" میں بھی رھا ھے۔ وہ بارھویں صدی ھجری کی تیس کی دھائی میں پشاور اور پنجاب میں رھا ھے۔ اس نے ایک خوشحال زندگی کی توقع میں ایران سے برصغیر کا رخ کیا تھا مگر ناکامی ھوئی۔ چنانچہ اس خوش خیالی کے ساتھ برصغیر آنے والے اس دور کے بہت سے ایرانی نو وارد کے حال یا بدحالی کا نقشہ کشی شعرا کے منظومات میں جو بحر طویل کے عنوان سے مندرج ھیں، ملتا ھے۔ اور اس نے اپنی منظومات میں بھی، جو کچھ اس پر گذرا ھے بیان کیا ھے۔ اس کے منظوم شخصی مشاھدات میں اس دور کے پنجاب کی معاشرتی تاریخ کی طرف بہت سے اشارات بھی ھیں۔ غرض کہ ماجد اور اس کا کلام جو بیشتر حاشیوں پر درج ھے، ایک تاریخی حوالہ بھی اپنے اندر رکھتا ھے۔

اب ذیل میں ماجد سے متعلق تفصیلات پیش کی جاتی ھیں:

ماجد، اس کا زمانہ اور کلام:

۱- صفحہ ۱۶۶ ح پر "المحررہ" کی صراحت کے ساتھ پانچ اشعار

کی ایک فارسی غزل درج ہے، جس کے مقطعے میں ماجد تخلص آتا ہے۔

۲- اس کے بعد "ولہ" کے عنوان سرخ سے ایک اور غزل ہے، اور اس میں بھی مقطعے میں یہی تخلص موجود ہے۔

